سوال

(39)پہلے دن قربانی کرنا افضل ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پہلے دن قربانی کرنا زیادہ ثواب اور افضل ہے یا تینوں دن ثواب ایک جیسا ہے؟ وضاحت فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدالاضحیٰ کے دن فرمایا: آج ہم پہلے نماز پڑھیں گے، پھر قربانیاں کریں گے۔ (صحیح بخاری کتاب العیدین باب سنة العیدین لاھل الاسلام ح ۹۵۱، صحیح مسلم الاضاحی باب ا ح ۱۹۶۱)

اس حدیث سے یہ ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول دن قربانی کی ہے لہذا افضل اور بہتر یہی ہے کہ عیدالاضحی والے تین دنوں میں سے پہلے دن یعنی دسویں تاریخ کو قربانی کی جائے اور باقی دو دنوں میں قربانی کرنا جائز و باعث اجر ہے۔

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قربانی کے دن کے بعد دو دن قربانی ہے اور افضل قربانی نحر والے (پہلے) دن ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص175

محدث فتویٰ